AQF / Shabbir

03-08-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں زرعی ماہرین اقتصادیات کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کرینگے۔

2. وزیراعظم نے کہا ہے کہ مرکزی کابینہ نے، 8 تیز رفتار قومی راہداریوں کی منظوری دی ہے، جن سے ملک کی اقتصادی ترقی میں کئی گنا اضافہ ہوگا۔

3. اس سال 31 جولائی تک سال 2024-25 کیلئے، ریکارڈ سات کروڑ 28 لاکھ ITRs فائل کئے گئے ہیں۔

4. امریکہ کی نائب صدر کملا ہیرس نے ڈیموکریٹک پارٹی کی طرف سے صدارتی امیدواری حاصل کرلی ہے۔

5. لکشیہ سین اولمپکس کے سیمی فائنل میں پہنچنے والے پہلے بھارتی مرد بیڈمنٹن کھلاڑی بن گئے ہیں۔

6. اور کرکٹ میں : کولمبو میں بھارت اور میزبان سری لنکا کے درمیان پہلا ODI میچ سنسنی خیز انداز میں برابری پر ختم ہوا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-AGRI CONFERENCE

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں زراعت سے متعلق ماہرین اقتصادیات کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس ICAE کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی اس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ یہ کانفرنس بھارت میں 65 سال کے بعد منعقد کی جارہی ہے۔ تین سال میں ایک بار منعقد ہونے والی اس 6 روزہ کانفرنس کا موضوع ہے 'پائیدار زرعی خوراک کے نظام کی جانب تبدیلی'۔ اس کانفرنس کا انعقاد زرعی ماہرین اقتصادیات کی بین الاقوامی ایسوسی ایشن کررہی ہے۔

کانفرنس کا مقصد آب وہوا کی تبدیلی، قدرتی وسائل کی اَبتر ہوتی ہوئی حالت، پیداواریت کی بڑھتی ہوئی لاگت اور تنازعات جیسے عالمی چیلنجوں کے دوران پائیدار زراعت کی شدید ضرورت سے نمٹنا ہے۔ کانفرنس میں عالمی زرعی چیلنجوں کے

تئیں بھارت کے پہلے سے سرگرم طریقہ کار کو اُجاگر کیا جائے گا اور زرعی تحقیق اور پالیسی میں ملک کی پیش رفت کو نمایاں کیا جائے گا۔ ہم نے اس کانفرنس کی اہمیت کے بارے میں زراعت کے ماہر ڈاکٹر سنت کمار چودھری سے بات کی۔

**PM-CABINET**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی کابینہ نے تیز رفتار رہداری کے، جن 8 قومی پروجیکٹوں کی منظوری دی ہے، اُن سے ملک کی اقتصادی ترقی پر کئی گنا تعمیری اثر ہوگا اور اس سے روزگار کے موقعوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ ان پروجیکٹوں پر 50 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا خرچ آئے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اس میں مستقبل پر مرکوز اور ایک مربوط بھارت کے تئیں حکومت کے عزم کا بھی اظہار ہوتا ہے۔

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے کل، تیز رفتار راہداری کے 8 اہم قومی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ ان پروجیکٹوں کی کُل لمبائی 936 کلو میٹر ہے اور ان پر 50 ہزار 655 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ ان پروجیکٹوں سے ملک بھر میں نقل وحمل میں بہتری، بھیڑ بھاڑ میں کمی اور رابطوں میں اضافہ ہوگا۔ نئی دلّی نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ پروجیکٹ بھارت کے 2047 کے خاکے کے مطابق ہیں۔

ان پروجیکٹوں کے تحت ایک 6 لین والی 88 کلو میٹر طویل آگرہ-گوالیار قومی تیز رفتار راہداری 4 ہزار 613 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کی جائے گی۔ اس میں ایک چار لین والی کھڑگپور- مورے گرام قومی تیز رفتار راہداری بھی شامل ہے۔ پروجیکٹ کے تحت 231 کلو میٹر طویل چار لین والی ایک تیز رفتار راہداری بھی تعمیر کی جائے گی۔ جس پر 10 ہزار 247 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔x

**PREZ VISIT MEA**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس ماہ کی 5 سے 10 تاریخ تک Fiji، نیوزلینڈ اور Timor-Leste کے اپنے سرکاری دورے پر رہیں گی۔ کل نئی دلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے مشرقی امور کے سیکریٹری جے دیپ مجمدار نے کہا کہ کسی بھارتی صدر کا یہ Fiji اور Timor Leste کا پہلا دورہ ہوگا۔ انھوں نے مزید کہا کہ جب سے وزیراعظم نریندر مودی نے مشرق نواز پالیسی کا آغاز کیا ہے جنوب مشرقی ایشیا اور بحرالکاہل کے ممالک بھارت کی خصوصی توجہ کا مرکز بن گئے ہیں انھوں نے کہا کہ یہ تینوں ممالک مشرق نواز پالیسی کے تحت آتے ہیں۔x

**FIN MIN-ITRs**

اس سال 31 جولائی تک 2024-25 کیلئے ریکارڈ سات کروڑ 28 لاکھ انکم ٹیکس ریٹرنس ITRs داخل کئے گئے ہیں۔

وزارت خزانہ نے ایک بیان میں کہا کہ یہ پچھلے سال 31 جولائی تک، 2023-24 کیلئے داخل کئے گئے کُل ITRs سے ساڑھے سات فیصد زیادہ ہیں۔ اس سال نئے ٹیکس نظام کو، اپنانے والے ٹیکس دہندگان کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

2024-25 کیلئے داخل کئے گئے کُل سات کروڑ 28 لاکھ ITRs میں سے، پانچ کروڑ 27 لاکھ ITRs نئے ٹیکس نظام کے تحت داخل کئے گئے ہیں۔ جبکہ دو کروڑ ایک لاکھ ITRs پرانے ٹیکس نظام کے تحت داخل کئے گئے ہیں۔ تقریباً 72 فیصد ٹیکس دہندگان نے نئے ٹیکس نظام کو چنا ہے، جبکہ 28 فیصد نے پرانے ٹیکس نظام کو ہی برقرار رکھا ہے۔

اس سال 31 جولائی کو ITRs کی تعداد سب سے زیادہ جولائی کے مہینے میں تھی۔ یہ تعداد محض کسی ایک دن میں 69 لاکھ 92 ہزار سے زیادہ تھی۔

## ECI-JAMMU&KASHMIR VISIT

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیوکمار کی قیادت میں انتخابی کمیشن اس مہینے کی 8 تاریخ سے جموں وکشمیر کا تین روزہ دورہ کرے گا۔ کمیشن مرکز کے زیر انتظام اس علاقے میں آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے گا۔ کمیشن اپنے دورے میں سری نگر کی سبھی سیاسی پارٹیوں سے ملاقات کرے گا۔ تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ انتخابی افسر ریاستی پولیس کے اعلیٰ افسران اور مرکزی فوجوں کے رابطہ کار کے ساتھ میٹنگ کی جائے گی۔

کمیشن، ضلع انتخابی افسران اور سبھی ضلعوں کے پولیس سپرنٹنڈنٹ، چیف سکریٹری اور DGP کے ساتھ بھی تیاریوں کا جائزہ لے گا۔ کمیشن انتخابی تیاریوں کے جائزے کے بارے میں میڈیا کو جانکاری دینے کیلئے 10 اگست کو ایک پریس کانفرنس منعقد کرے گا۔ اس سے پہلے جموں وکشمیر میں 2024 کے لوک سبھا انتخابات میں ریکارڈ تعداد میں ووٹ ڈالے جانے کے تناظر میں اعلیٰ انتخابی کمشنر نے کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام کی سرگرم شرکت، ایک مثبت اشارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی انتخابات جلد ہی کرائے جائیں گے، تاکہ مرکز کے زیر انتظام اس علاقے میں جمہوری عمل فروغ پاتا رہے۔×

## MAEHA-VOTERS LISTS

مہاراشٹر میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیش نظر ریاست کا انتخابی کمیشن، ووٹر فہرستوں کو تازہ شکل دینے کیلئے خصوصی اجلاس منعقد کرے گا۔ یہ اجلاس دو مرتبہ ہفتے کے آخری دنوں میں منعقد کئے جائیں گے۔ پہلا اجلاس 10 اور 11 اگست اور دوسرا 17 اور 18 اگست کو منعقد کیا جائے گا۔ جو رائے دہندگان اپنا اندراج کرانا چاہتے ہیں یا اپنے فوٹو گراف سمیت اپنے بارے میں تفصیلات کو تازہ شکل دینا چاہتے ہیں، اس کیلئے ان خصوصی اجلاس کے دوران درخواست دے سکتے ہیں۔

امکان ہے کہ کمیشن کا عملہ تفصیلات کی توثیق اور ضروری اصلاحات کیلئے گھر پر بھی جائے۔ کمیشن اس طرح کی درخواستیں اور اعتراضات آن لائن بھی قبول کرے گا اور لوگ خود جاکر بھی یہ اندراج کراسکتے ہیں۔ یہ اندراج 20 اگست تک کرایا جاسکتا

ہے اور حتمی ووٹر فہرست 30 اگست 2024 کو شائع کردی جائے گی۔×

**KERALA ARREST**

کیرالہ میں ریاستی پولیس کے انسدادِ دہشت گردی دستے نے کل الپپوزہ ضلع میں Mararikulam علاقے سے ماؤنواز لیڈر CP Moideen کو گرفتار کرلیا۔ اسے کولّم سے تھیریشور جارہی ریاستی سڑک ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی بس میں سفر کرتے وقت گرفتار کیا گیا Moideen، 36 معاملات میں ملزم ہے۔ وہ 2014 سے فرار تھا۔

**HEALTH MINISTRY DENGUE**

مرکزی صحت سیکریٹری اپوروا چندر نے ڈینگی کے اندیشے والی 9 ریاستوں میں ڈینگی کی روک تھام اور اس پر قابو پانے کے بندوبست کے لیے صحتِ عامہ نظام کی تیاری کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران، صحت سیکریٹری نے کہا کہ ملک میں ڈینگی کے سبب اموات کی شرح میں کمی آئی ہے۔ 1996 میں ڈینگی کی وجہ سے ہونے والی اموات کی شرح 3 اعشاریہ 3 فیصد تھی جو 2023 میں کم ہوکر صفر اعشاریہ ایک سات ہوگئی۔ جناب چندرا نے ڈینگی کی مؤثر روک تھام اور اس پر کنٹرول کے لیے تمام فریقین کے درمیان تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ سیکریٹری موصوف نے ریاستوں اور میونسپلیز کو ڈینگی کی روک تھام کی بروقت روک تھام کے لیے چوکنا رہنے کی صلاح دی گئی ہے۔

انھوں نے ڈینگی کی روک تھام کے اقدامات کے تحت مخدوش علاقوں کی نشاندہی کرنے، پانی جمع نہ ہونے دینے میں Geo Tagging میں اضافہ کرنے کی بھی صلاح جاری کی ہے۔ میٹنگ میں مکانات اور شہری امور کی وزارت، سمیت 9 ریاستوں دلی، گجرات، کرناٹک، مہاراشٹر، راجستھان، تمل ناڈو، تلنگانہ، اترپردیش اور مغربی بنگال کے سیکریٹریوں اور اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔ x

**BREAK**

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**GONG**

**IMD-WEAHTER**

بھارتیہ محکمہ موسمیات نے آج مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر، گجرات، کونکن اور گوا کیلئے انتہائی شدید بارش کے تناظر میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ راجستھان، اتراکھنڈ، مغربی بنگال، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، بہار اور شمالی مشرقی خطے میں اگلے چار دن کے دوران بہت شدید بارش کے امکان کے پیش نظر اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔×

## US-DEMOCRAT NOMINATION

امریکہ کی نائب صدر کملا ہیرس، ڈیموکریٹک پارٹی کی طرف سے صدارتی امیدوار ہوں گی۔ ڈیموکریٹک نیشنل کمیٹی کے Jamie Harrison نے اعلان کیا کہ محترمہ ہیرس کو، صدر کے عہدے کی امیدواری کیلئے ڈیموکریٹک مندوبین کے وافر ووٹ حاصل ہوئے ہیں۔ کملا ہیرس، پارٹی کی پانچ روزہ الیکٹرانک ووٹنگ کیلئے واحد امیدوار تھیں، جس میں پارٹی کے تقریباً 4 ہزار مندوبین نے حصہ لیا۔ انہیں دو ہزار 350 مندوبی کی حمایت حاصل ہوئی۔ صدر جوبائیڈن کی پچھلے مہینے اپنے دوبارہ انتخاب کی کوشش ختم کرنے اور کملا ہیرس کی توثیق کئے جانے کے بعد، وہ ورچوئل وسیلے سے اعلان کردہ ناموں کی فہرست میں بلامقابلہ رہیں۔ انہیں اس ماہ کے آخر میں منعقد ہونے والے شکاگو کنونشن میں باقاعدہ طور پر امیدوار قرار دیا جائے گا۔

محترمہ کملا ہیرس نے کہا کہ یہ اُن کیلئے اعزاز کی بات ہے کہ وہ امریکہ کے صدر کیلئے ڈیموکریٹک پارٹی کی امیدوار ہیں۔

کملا ہیرس پہلی سیاہ فام اور پہلی جنوب ایشیائی خاتون ہیں، جو ایک بڑی امریکی سیاسی پارٹی کی طرف سے صدر کے عہدے کی امیدوار ہیں۔ اگر وہ ریپبلکن امیدوار ڈونلڈٹرمپ کو شکست دے دیتی ہیں، تو وہ امریکہ کی پہلی خاتون صدر ہوں گی۔ امریکہ کے صدارتی انتخابات اس سال نومبر میں ہوں گے۔×

## AKASHVANI MUSIC CONCERT

ایک دو روزہ آکاشوانی موسیقی پروگرام 2024 آج سے نئی دلّی میں شروع ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی کے رنگ بھون میں شام ساڑھے پانچ بجے سے منعقد کیا جائے گا۔ پنڈت وِشو موہن بھٹ، پنڈت ساجن مشرا، پنڈت راجندر پرسنّا اور پنڈت جے تیرتھ Mevundi، موسیقی کے اس پروگرام میں اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔

دلّی کے علاوہ آکاشوانی کا موسیقی کا پروگرام مختلف شہروں میں بھی منعقد کیا جارہا ہے، جن میں حیدرآباد، پٹنہ، جموں، شیلانگ، امپھال، کٹک، بینگلورو، بھوپال، چنئی اور رانچی شامل ہیں۔ ان شہروں میں مختلف دنوں میں یہ پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ آکاشوانی نے، جو ایک سرکاری براڈکاسٹر کی اقدار پر قائم ہے، بھارت کے ورثے کو پروان چڑھانے اور اس کی گوناگوں ثقافت کی حفاظت میں اہم رول ادا کیا ہے۔×

## FILM BAZAR

مہاراشٹر فلم اسٹیج اور ثقافتی ترقیاتی کارپوریشن لمیٹڈ نے مراٹھی فلمسازوں سے 55 ویں بھارت بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں منعقد کئے جانے والے فلم بازار میں حصہ لینے کیلئے Entries مدعو کی ہیں۔ IFFI 2024، 20 سے 28 نومبر تک گوا میں منعقد ہوگا۔ جن فلمسازوں کی فلموں کو یکم اگست 2023 سے 31 جولائی 2024 کے درمیان سینسر سرٹیفکیٹ مل چکا ہے وہ اپنی فلموں کی Entry ای میل gfffm2024@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔ Entries داخل کرنے کی آخری تاریخ

16 اگست ہے۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات ویب سائٹ **www.filmcitymumbai.com** پر دستیاب ہیں۔x

**OLYMPICS BADMINTON**

پیرس اولمپکس میں لکشیہ سین نے مردوں کے سنگلز بیڈمنٹن مقابلے میں سیمی فائنل میں پہنچ کر تاریخ رقم کی ہے۔ اس طرح اولمپکس کھیلوں میں مردوں کے سنگلز کے بیڈمنٹن سیمی فائنل میں پہنچنے والے وہ پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ کل کھیلے گئے کوارٹر فائنل میں لکشیہ سین نے **12** ویں سیڈ کے چینی تائی پے کے کھلاڑی **Chou Tien Chen** کو شکست دی۔x

پیش ہے مزید تفصیل۔

*کل پیرس اولمپکس میں بھارت کے لیے ایک دلچسپ دن رہا۔ تیر انداز کے میدان میں بھارت پہلی مرتبہ جیت کے بہت قریب پہنچ گیا ہے۔لیکن انکِتا بھکت اور دھیرج بوم **Devra** کی جوڑی آخری راؤنڈمیں کانسہ کا تمغہ جیتنے والی امریکی جوڑی سے **2-6**سے ہار گئے۔ اور چوتھے مقام پر رہے۔ ایسا دوسری مرتبہ ہے کہ بھارت اتنے نزدیکی فرق سے ہارکر چوتھے مقام پر رہا۔*

*مشہور **Yves du Manoir** اسٹیڈیم میں اس وقت خوشی و جوش کی لہر دوڑ گئی جب بھارتیہ ہاکی ٹیم نے ٹوکیو اولمپک میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی آسٹریلیا کی ٹیم کو ایک کانٹے کے مقابلے میں **3-2** سے ہرا دیا۔ اب کوارٹر فائنل میں بھارت کا مقابلہ برطانیہ سے ہوگا۔ بیڈمنٹن کے میدان میں بھی بھارت نے کامیابی کی داستان رقم کی۔ لکشیہ سین مردوں کے زمرے کے پہلے بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی ہیں جو مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنلز میں داخل ہوگئے۔*

*ان کھیلوں میں منو بھاکر لگاتار کامیابی کی سیڑھیاں طے کر رہی ہیں۔ دو تمغے جیتنے کے بعد اب انھوں نے **25** میٹر پسٹل فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔آج بھارت، نشانے باز منو بھاکر، تیر انداز دیپکا کماری و بھجن کور اور کشتی رانی میں بھی حصہ لیں گے۔ بھارتی ایتھلیٹس گولف اور کشتی رانی میں بھی حصہ لیں گے۔*

**CRICKET**

کرکٹ میں کل رات کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں بھارت اور میزبان سری لنکا کے درمیان کھیلا گیا۔ پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچ سنسنی خیز طور پر برابری پر ختم ہوا۔ جیت کے لیے مقررہ **231** رن کے ہدف کو بھارت نے **47** اعشاریہ پانچ گیند میں برابر کرلیا، البتہ اس کے سبھی کھلاڑی آؤٹ ہوگئے۔ اس سے قبل ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سری لنکا نے مقررہ **50** اوورس میں **8** وکٹ کے نقصان پر **230** رن بنائے تھے۔

Dunith Wellalage نے65 گیندوں میں شاندار 67 رن بنائے۔ انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ بھارت کی طرف سے اَرش دیپ سنگھ اور اکشر پٹیل نے دو۔دو وکٹ لیے۔ تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ODI میچ کل کولمبو میں کھیلا جائے گا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر
شکریہ - شبانہ بیگم

راجدھانی دلی شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے سبب اسرائیل کے لیے ایئر انڈیا کی پرواز معطل کرنے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ایران میں حماس کے سرکردہ رہنما اسماعیل ہنیہ کی ہلاکت کے بعد کشیدگی پیدا ہونے کے تناظر میں یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے کوچنگ سینٹر حادثے کی تحقیقات سی بی آئی سے کرانے سے متعلق خبر کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس سلسلے میں دلی ہائی کورٹ نے یہ حکم نامہ جاری کیا ہے۔

پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ذریعے راشٹرپتی بھون میں گورنروں کی کانفرنس کے افتتاح کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ اس موقع پر محترمہ مرمو نے کہا کہ مرکز اور ریاست کے تعلقات عوامی بہبود سے متعلق اسکیموں کو عمل میں لانے کے لیے بیحد اہم ہیں۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان کے ایک بیان کو اہمیت دی ہے جس میں انھوں نے کہا کہ کسانوں کے لیے سبسڈی جاری رہے گی۔

کسانوں کی بہبود کی وزارت کے کام کاج پر ایوان میں بحث کا جواب دیتے ہوئے انھوں نے یہ بات کہی۔ جبکہ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم مودی سے جے رام ٹھاکر کی ملاقات کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ اس ملاقات میں جناب ٹھاکر نے جناب مودی سے ہماچل پردیش کے لیے خصوصی تعاون کی درخواست کی۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں زرعی ماہرین اقتصادیات کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کرینگے۔

2. وزیراعظم نے کہا ہے کہ مرکزی کابینہ نے، 8 تیز رفتار قومی راہداریوں کی منظوری دی ہے، جن سے ملک کی اقتصادی ترقی میں کئی گنا اضافہ ہوگا۔

3. اس سال 31 جولائی تک سال 2024-25 کیلئے، ریکارڈ سات کروڑ 28 لاکھ **ITRs** فائل کئے گئے ہیں۔
4. امریکہ کی نائب صدر کملا ہیرس نے ڈیموکریٹک پارٹی کی طرف سے صدارتی امیدواری حاصل کرلی ہے۔
5. لکشیہ سین اولمپکس کے سیمی فائنل میں پہنچنے والے پہلے بھارتی مرد بیڈمنٹن کھلاڑی بن گئے ہیں۔
6. اور کرکٹ میں : کولمبو میں بھارت اور میزبان سری لنکا کے درمیان پہلا **ODI** میچ سنسنی خیز انداز میں برابری پر ختم ہوا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

------------------------------------------